# ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، اسلام آباد

mpchs

Ref No. MP/MC/IG/TG/MG/ROS/NL/AGM/31
Date: 19-11-2018

آپ کا اعتماد ہمارا اثاثہ

## ملٹی نیوز لیٹر
## نومبر 2018

معزز ممبران اسلام وعلیکم!

**سوسائٹی کا سالانہ اجلاس عام (AGM) 2018 مورخہ 17 دسمبر 2018ء بروز سوموار بوقت دن 12:30 ہونا قرار پایا ہے۔** اس اجلاس کی اہمیت سے ممبران بخوبی واقف ہیں۔ اسی لئے ممبران اس دن کا شدت سے انتظار کرتے ہیں۔ اس سال سالانہ اجلاس عام **"ملٹی گارڈنز B-17 سکیم، نزد بلاک E مرکز"** میں منعقد ہوگا۔

بہت سے ممبران نے گزشتہ سال کے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کی ہوگی۔ اس مرتبہ جب آپ شرکت کیلئے تشریف لائیں گے تو یقیناً آپ کو ایک خوش گوار تبدیلی کا احساس ہوگا۔ اجلاس عام کو ہر سال کی طرح منظّم طریقے سے ترتیب دیا گیا ہے۔ آپ کی سہولت اور رہنمائی کے لئے سوسائٹی انتظامیہ اور عملہ مقررہ وقت پر منتظر ہوگا امید ہے کہ آپ اپنی مصروفیات کے باوجود اس اہم اجلاس میں شرکت کو یقینی بنائیں گے تا کہ آپ کو سوسائٹی کی سکیموں میں تکمیل شدہ اور زیر تکمیل منصوبوں کا مشاہدہ کرنے کا موقع مل سکے۔ اجلاس کے اختتام پر آپ کے لئے حسب روایت ضیافت کا انتظام بھی کیا گیا ہے۔ سوسائٹی آپ کی تجاویز اور ماہرانہ رائے کا خیر مقدم کرتی ہے۔ سوسائٹی کی مختلف سکیموں میں ترقیاتی کام اور دیگر منصوبہ جات میں پیش رفت کی تفصیل سے آگاہ کرنا بے حد ضروری سمجھا گیا۔ اس لئے ہر سکیم کے بارے میں مختصراً صورت حال پیش خدمت ہے۔



خوبصورت لینڈ سکیپنگ

# پراگریس رپورٹ

## اسلام آباد گارڈنز سیکٹر E-11/1 اور E-11/3 اسلام آباد


جیسا کہ آپ سب کو معلوم ہے یہ سکیم قدرتی حسن سے مالا مال ہے رہائشی اور کمرشل عمارتیں تعمیر ہو چکی ہیں ۔سیکٹر میں سیکیورٹی صفائی اور دیگر تنصیبات کی دیکھ بھال مثالی ہے ۔زیر زمین بجلی ، سوئی گیس ، حفاظتی خار دار تاریں ، CCTV کیمرے ،کشادہ سڑکیں ،خوبصورت پارکس ، مساجد، ہسپتال اور ہمہ وقت نگرانی کا ایک جامع نظام پوری طرح فعال ہے ۔حال ہی میں یہاں رہائش پذیر مکینوں کو CDA کی جانب سے پراپرٹی ٹیکس کے نوٹس موصول ہوئے جس سے مکینوں میں ان خدشات نے جنم لیا ہے کہ پراپرٹی ٹیکس کی ادائیگی کے بعد اس سکیم کی دیکھ بھال کا انتظام CDA کے سپرد کر دیا جائے گا۔ وفود کی شکل میں مکینوں نے سوسائٹی سے درخواست کی ہے کہ انہوں نے اس سکیم میں جائیداد کی خریداری اور رہائش کو صرف اس لئے ترجیح دی تھی کیونکہ سوسائٹی کا انتظام CDA کے مقابلے میں بدرجہا بہتر ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ پراپرٹی ٹیکس کی CDA کو ادائیگی کے باوجود سوسائٹی ہی سکیم کی دیکھ بھال موجودہ معیار کے مطابق جاری رکھے ۔ اس سلسلے میں انتظامیہ کی CDA کے ساتھ گفت وشنید جاری ہے اور امید ہے کہ اس معاملے کا تسلی بخش حل نکل آئے گا تاہم مکینوں کو پراپرٹی ٹیکس کی ادائیگی بروقت قانون کے مطابق کرنی چاہیے ۔اسلام آباد گارڈنز سیکٹر E-11/1 اور E-11/3 کے مکینوں کا سوسائٹی پر اعتماد بہترین کارکردگی کا بیّن ثبوت ہے ۔انتظامیہ آپ کو یقین دلاتی ہے کہ ہمیشہ کی طرح وہ آپ کے اعتماد پر پورا اترے گی ۔آپ کی اطلاع کیلئے E-11/1 میں سیورتج ٹریٹمنٹ پلانٹ (STP) کا ڈیزائن منظوری کیلئے CDA میں جمع کرایا جا چکا ہے ۔جس کی منظوری کے بعد اسے فوری مکمل کر دیا جائے گا۔



کمرشل ایریا E-11/3



E-11 میں تعمیر شدہ خوبصورت گھروں کا منظر



اسلام آباد گارڈنز میں پارک اور گھروں کا منظر







# ٹیلی گارڈنز سیکٹر F-17 اسلام آباد

یہ CDA کے زون 2 کی واحد سکیم ہے جو ہر لحاظ سے مکمل ہے۔ جی ٹی روڈ ترنول اور موٹر وے انٹرچینج کے وسط میں فتح جنگ روڈ پر واقع یہ سکیم انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ جس کا لے آؤٹ پلان پیشہ وارانہ مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ رہائشی اور کمرشل عمارتیں کافی تعداد میں تعمیر کی جا چکی ہیں جبکہ مکینوں کی سہولت کیلئے خوبصورت مساجد، فلٹریشن پلانٹ۔ تجارتی مراکز، زیرزمین بجلی، اسٹریٹ لائٹس، سوئی گیس، پارک بچوں کے جھولے 24 گھنٹے سیکورٹی انتظامات، ہسپتال، ڈائیلائسز سنٹر، بینک، انٹرنیٹ، ٹیلی فون، اور مین گیٹ سے سفاری وین کی فراہمی یقینی بنائی جا چکی ہے۔ ایک محفوظ اور پرسکون زندگی رواں دواں ہے۔ سکیم میں پانی کی فراہمی کیلئے ٹیوب ویل نصب کر دیئے گئے ہیں جبکہ وافر مقدار میں پانی کی فراہمی کے کئی منصوبے زیر غور ہیں۔ امید ہے کہ فتح جنگ روڈ کو بھی جلد ہی دورویہ کر دیا جائیگا۔ اسلام آباد کے نئے انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے فعال ہونے کے بعد اس سکیم کی اہمیت ہمارے سابقہ اندازوں سے کئی گنا بڑھ چکی ہے۔ مستقبل قریب میں سی پیک کے روٹ کے اجراء کے بعد اس علاقے میں پلاٹوں کا حصول دسترس سے باہر ہونے کا امکان ہے۔


جامع مسجد بلالؓ


بچوں کیلئے خوبصورت پارک وجھولے




B-17 میں خوبصورت جامع مسجد ابوبکر صدیقؓ

# ملٹی گارڈنز B-17 سکیم

مارگلہ پہاڑیوں کے دامن میں GT روڈ اور موٹروے M-1 کے درمیان سوسائٹی کا یہ سب سے بڑا رہائشی منصوبہ ہے۔ سکیم GT روڈ اور موٹروے سے منسلک ہے جہاں فی الحال سنگجانی انٹرچینج کو موٹروے کی آمدورفت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ مستقبل قریب میں اس سکیم کے لئے موٹروے پر اپنا انٹرچینج تعمیر کرنے کے منصوبہ کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مارگلہ ایونیو کی تعمیر جو کئی سالوں سے تاخیر کا شکار ہے۔ اب CDA کے ترجیحی منصوبوں میں شامل ہو چکی ہے۔ اطلاع کے مطابق CDA کے موجودہ چیئرمین نے اسلام آباد کے اس داخلی راستے کو جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ اس منصوبے کی تکمیل کے بعد B-17 سکیم سے اسلام آباد کے سیکٹر E-11 اور F-11 تک سگنل فری ڈرائیو 5 سے 7 منٹ ہوگی۔ بین الاقوامی معیار کا جدید ترین اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ جو کہ آپریشنل کر دیا گیا ہے۔ B-17 سکیم سے بذریعہ موٹروے 10 منٹ اور بذریعہ G.T روڈ 20 سے 25 منٹ کی مسافت پر ہے۔ جس سے اس سکیم کی اہمیت میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔

یہ سکیم خصوصی اہمیت کی حامل ہے جس میں کشادہ سڑکیں، ٹریفک کا جدید ترین عالمی معیار کا ڈیزائن مہیا کیا گیا ہے تاکہ مستقبل بعید میں کبھی بھی یہاں ٹریفک کے مسائل پیدا نہ ہوں۔ ماحولیات کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے بیشمار پارکس اور گرین ایریا موجود ہیں۔ سکیم میں اسلام آباد کلب کی طرز پر ملٹی کلب کی تعمیر اب آخری مراحل میں ہے امید ہے کہ آئندہ سال ستمبر اکتوبر تک یہ کلب فعال ہو چکا ہوگا۔ فٹ بال، کرکٹ گراؤنڈ اور دیگر تفریحی سہولیات کا خاص طور پر خیال رکھا گیا ہے۔ بین الاقوامی معیار کے مطابق چڑیا گھر کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے۔ سکیم میں بڑی تعداد میں لوگ رہائش پذیر ہیں۔ بلاک A سے لے کر F تک مکانوں اور کمرشل عمارتوں کی تعمیر تیزی سے جاری ہے۔ ولاز کافی تعداد میں تعمیر ہو چکے ہیں۔ جہاں لوگوں نے رہائش اختیار کی ہے۔ اس سکیم کی شام انتہائی دلفریب منظر پیش کرتی ہے۔





# ملٹی ریذیڈنشیا وآرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم (ROS)



امید ہے کہ ممبران سکیم کا ذاتی طور پر مشاہدہ کر چکے ہوں گے یہ سکیم پاکستان میں ایک منفرد حیثیت رکھتی ہے۔ جہاں فارم ہاؤس کے لئے رہائشی کالونیوں کی دور حاضر کی جدید سہولیات مہیا کی گئی ہیں۔ سیوریج، ڈرینج، زیر زمین بجلی، سوئی گیس اور کشادہ سڑکوں کے علاوہ پارک، ہسپتال، مارکی، تعلیمی ادارے، کمرشل مرکز، تفریحی سہولیات جن میں فٹ بال، کرکٹ گراؤنڈ شامل ہیں مہیا کئے گئے ہیں۔ زیر زمین پانی وافر مقدار میں موجود ہے۔ بلاک D میں بین الاقوامی میعار کے مطابق گالف کورس، بیڈمنٹن، ٹینس، اسکوائش کھیلنے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ خوبصورت لینڈ سکیپنگ نے سکیم کے حسن کو دوبالا کر دیا ہے۔ سکیم کے رہائشی بلاکوں میں گھروں کی تعمیر تیزی سے جاری ہے۔ جہاں بہت سے ممبران نے رہائش اختیار کر لی ہے۔ جدید ترین CCTV کیمرے اور 24 گھنٹے سیکورٹی موبائل پوری طرح فعال ہے۔ مسجد ابوبکرؓ تعمیر کے بعد نمازیوں کے لئے کھول دی گئی ہے۔ دیگر مساجد اور پارکس تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں بچوں کے لئے جابجا جھولے اور دوسری صحت مند سرگرمیوں کیلئے خاص توجہ دی گی ہے پینے کے پانی کیلئے فلٹریشن پلانٹ شروع ہی سے مہیا کر دیئے گئے ہیں۔ غرض یہ کہ سکیم ایک خوبصورت رہائشی منصوبے کی شکل اختیار کر چکی ہے۔ سی پیک منصوبے کی وجہ سے اس سکیم کی اہمیت میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ زبان زد عام ہے کہ مستقبل میں یہ ایک انتہائی خوبصورت اور محفوظ رہائشی سکیم شمار کی جائے گی۔ جو موٹروے M-1 سے متصل اور ٹیکسلا واہ کینٹ اور حسن ابدال سے منسلک ہے۔ ممبران کی سہولت کیلئے مین گیٹ پر سفاری گاڑیوں کا انتظام بھی کیا گیا ہے۔ وہ ممبران جنہوں نے یہاں فارم ہاؤس، رہائشی یا کمرشل پلاٹ لیئے ہیں دیر نہ کریں اور اپنی عمارتوں کی جلد از جلد تعمیر مکمل کر لیں۔



## بقایا رقوم کی ادائیگی

سوسائٹی اپنے وعدے پورے کرنے کی پوری کوشش کر رہی ہے۔ ترقیاتی کاموں کے معیار میں کسی بھی سطح پر سمجھوتہ نہیں کیا گیا۔ اس دوران بے حد مشکلات اور رکاوٹوں کا سامنا بھی کرنا پڑا۔ مہنگائی کی صورتحال نے تمام اندازے غلط ثابت کر دیئے لیکن انتظامیہ کی بھرپور کوشش رہی کہ ترقیاتی کاموں کے تسلسل میں رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ یہی وجہ ہے کہ آج سوسائٹی کی تمام سکیمیں آپ کی رہائش کی منتظر ہیں۔ بہت سے لوگ آج بھی وہاں رہائش پذیر ہیں جبکہ ایک وسیع علاقہ آپ سے توقع رکھتا ہے کہ اس پر جلد از جلد تعمیراتی کام شروع کیا جائے۔ انتظامیہ کی ہمیشہ یہی کوشش رہی ہے کہ آپکو ہر وہ سہولت مہیا کی جائے جو آج کے دور کی متقاضی ہے۔ یہ سب اسی صورت میں ممکن ہے جب آپ اپنے بقایاجات کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنائیں اور اپنے پلاٹوں کا قبضہ حاصل کر کے جلد از جلد تعمیراتی کام شروع کر دیں۔ انتظامیہ آپکے اس عمل میں آپکا بھرپور ساتھ دے گی۔

**اپنے بقایا جات 15 دسمبر 2018ء بروز ہفتہ سے پہلے بذریعہ پے آرڈر/ڈیمانڈ ڈرافٹ بنام "ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی"، ملٹی مینشن، G-8 مرکز، اسلام آباد میں جمع کروادیں یا پے آرڈر/ڈیمانڈ ڈرافٹ سوسائٹی ایڈریس پر بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک/ TCS بھجوادیں۔ پے آرڈر/ڈیمانڈ ڈرافٹ کی پشت پر اپنا ممبرشپ نمبر لکھنا نہ بھولیں۔**

ممبران سے گزارش ہے کہ وہ اپنے ای میل، موبائل نمبر اور ایڈریس کی تبدیلی کی صورت میں عامر ایاز علی سے موبائل نمبر 0300-5276817 پر فوری رابطہ کریں تاکہ آپ سے رابطہ کرنے میں آسانی ہو سکے۔




## سیکورٹی انتظامات

سوسائٹی کی تمام سکیموں میں موجودہ سیکورٹی صورتحال کے پیش نظر جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے خاطر خواہ اقدامات کیئے گئے ہیں۔ سوسائٹی کی سکیموں کے اردگرد حفاظتی دیوار اور ان پر CCTV کیمرے نصب کیئے جا چکے ہیں ہیں جہاں ہمہ وقت سیکورٹی گارڈ ڈیوٹی ادا کرتے ہیں۔ ان تمام اقدامات کے علاوہ سیکورٹی کا باقاعدہ الگ ڈیپارٹمنٹ قائم کیا گیا ہے جس کے انچارج میجر (ر) عبدالعزیز خان ہیں جن کا موبائل نمبر 0333-5186656 اور سیکورٹی سپروائزر صوبیدار نثار احمد جن کا موبائل نمبر 0336-5574652 ہے۔ سیکورٹی سے متعلق کسی بھی شکایت کی صورت میں ان سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

